# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 09 دسمبر 2022ء بمطابق 14 جمادی الاوّل 1444 ہجری صبح گیارہ بجکر پندرہ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

أَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا نُوۡدِىَ لِلصَّلٰوةِ مِنۡ يَّوۡمِ الۡجُمُعَةِ فَاسۡعَوۡا اِلٰى ذِكۡرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الۡبَيۡعَ‌ ذٰ لِكُمۡ
خَيۡرٌ لَّـكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۹﴾ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانۡتَشِرُوۡا فِى الۡاَرۡضِ وَابۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِ
اللّٰهِ وَاذۡكُرُوا اللّٰهَ كَثِيۡرًا لَّعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ﴿۱۰﴾ وَاِذَا رَاَوۡا تِجَارَةً اَوۡ لَهۡوَا۟ اۨنْفَضُّوۡۤا اِلَيۡهَا وَتَرَكُوۡكَ
قَآئِمًا‌ ؕ قُلۡ مَا عِنۡدَ اللّٰهِ خَيۡرٌ مِّنَ اللَّهۡوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ‌ ؕ وَاللّٰهُ خَيۡرُ الرّٰزِقِيۡنَ ﴿۱۱﴾۔

(ترجمہ): اے لوگو جو ایمان لائے ہو، جب پکارا جائے نماز کے لئے جمعہ کے دن تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے اگر تم جانو ﴿۹﴾ پھر جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور اللہ کو کثرت سے یاد کرتے رہو، شاید کہ تمہیں فلاح نصیب ہو جائے ﴿۱۰﴾ اور جب انہوں نے تجارت اور کھیل تماشا ہوتے دیکھا تو اس کی طرف لپک گئے اور تمہیں کھڑا چھوڑ دیا ان سے کہو، جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کھیل تماشے اور تجارت سے بہتر ہے اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے ﴿۱۱﴾۔ صَدَقَ ٱللَّهُ ٱلۡعَظِيمِ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاک اللہ۔ 'Question's Hour': Question No. 15085، شگفتہ ملک صاحبہ۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی؟

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کورم پورا نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کورم کی نشاندہی ہو گئی جی۔ Count کریں جی۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: دو منٹ کے لئے گھنٹیاں بجائیں جی۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی سپیکر: تمام ممبران اپنی سیٹوں پہ بیٹھ جائیں کہ وہ Count، تمام ممبران اپنی سیٹوں پہ چلے جائیں کہ وہ، Quorum count ہو رہا ہے۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی جا رہی ہے)

جناب ڈپٹی سپیکر: لیاقت خان! اپنی سیٹوں پہ جائیں Quorum count ہو رہا ہے جی۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: دو منٹ کے لئے مزید گھنٹیاں بجائیں جی۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی سپیکر: سیکرٹری صاحب! Count کریں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: ستائیس ارکان اسمبلی اس وقت بیٹھے ہوئے ہیں، کورم پورا نہیں ہے۔

The sitting is adjourned till 02:00 pm afternoon, Monday, 12th December, 2022.

---

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 12 دسمبر 2022ء دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)